وزیر اعظم نے بیلجئم کے وزیر اعظم سے کی بات

26 مارچ، 2024

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے آج بیلجیم کے وزیر اعظم عزت مآب جناب الیگزینڈر ڈی کرو کے ساتھ ٹیلی فون پر بات چیت کی۔

وزیراعظم نے برسلز میں جوہری توانائی کے پہلے سربراہ اجلاس کی حالیہ کامیاب میزبانی پر وزیراعظم ڈی کرو کو مبارکباد پیش کی۔

دونوں رہنماؤں نے ہندوستان اور بیلجیم کے درمیان جاری بہتر تعلقات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے تجارت، سرمایہ کاری، کلین ٹیکنالوجیز، سیمی کنڈکٹرز، فارماسیوٹیکل، گرین ہائیڈروجن، آئی ٹی، دفاع، بندرگاہوں سمیت مختلف شعبوں میں دوطرفہ شراکت داری کو مزید مضبوط کرنے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔

دونوں رہنماؤں نے یوروپی یونین کی کونسل کی بیلجیئم کی جاری صدارت کے تحت ہندوستان- یورپی یونین اسٹریٹجک پارٹنرشپ کو مزید تقویت بخشنے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔

انہوں نے علاقائی اور عالمی پیش رفت پر بھی بات چیت کی۔ انہوں نے مغربی ایشیا کے خطے میں امن و سلامتی کی جلد بحالی اور روس-یوکرین تنازعہ کے حل کے لیے تعاون اور مدد کی ضرورت پر زور دیا۔

دونوں رہنماؤں نے رابطے میں رہنے پر اتفاق کیا۔

نئی دہلی
26 مارچ، 2024